سوال

(715) عورت کا ڈرائیونگ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کے لیے جائز ہے کہ بڑے شہروں کی سڑکوں پر گاڑی چلائے جہاں پر اور بھی بہت سے مرد و عورت گاڑی چلانے والے ہوتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کے لیے شہروں کی سڑکوں پر گاڑی چلانا اور ڈرائیوروں سے اختلاط جائز نہیں ہے کیونکہ اس میں تمام چہرے یا بعض چہرے کو ننگا کرنا ہے، نیز عموماً ہاتھوں وک ننگا کرنا بھی ہے، اور یہ اعضاء اس کے پردے میں داخل ہیں، اور اس لیے بھی کہ بیگانے مردوں سے میل جول فتنے کا سبب اور فساد کا باعث ہے۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 635

محدث فتویٰ